68992-روزہ نہ رکھنے کی بنا پر سفر کرنے کا حکم

سوال

روزہ نہ رکھنے کی بنا پر رمضان المبارک میں سفر کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا :

روزہ نہ رکھنے کی بنا پر رمضان المبارک میں سفر کرنے کا حکم کیا ہے ؟

تو شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا :

"اصل میں انسان پر روزہ واجب بلکہ فرض اور اسلام کے ارکان میں سے ایک رکن ہے جیسا کہ ہر ایک کو علم بھی ہے ، اور شریعت میں جو چیز فرض ہے انسان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس حکم کو ترک کرنے کے لیے کوئی حیلہ سازی کرے ، تا کہ وہ حکم اس سے ساقط ہو جائے .

اس لیے جس شخص نے روزہ نہ رکھنے کی بنا پر سفر کیا تو یہ اس پر حرام ہے ، اور اسی طرح روزہ نہ رکھنا بھی اس کے لیے حرام ہوگا ، اس کے لیے واجب اور ضروری ہے کہ وہ اس عمل سے توبہ و استغفار کرے ، اور اپنے سفر سے واپس لوٹ آئے اور روزے رکھے .

اور اگر وہ واپس نہیں پلٹتا تو بھی اس پر روزہ رکھنا فرض ہے ، چاہے وہ سفر میں ہی ہو.

جواب کا خلاصہ یہ ہوا کہ : کسی بھی انسان کے لیے جائز نہیں کہ وہ روزہ نہ رکھنے کے لیے کوئی حیلہ سازی کرے ؛ کیونکہ کسی فرض کو ساقط کرنے کے لیے حیلہ سازی کرنے سے وہ فرض ساقط نہیں ہوگا ، جیسا کہ کوئی حیلہ کسی حرام چیز کو مباح نہیں کر سکتا .